# 37635 ـ نماز عیدین کے لیے اعلان کرنا

**سوال**

نماز عید الفطر اور عید الاضحی میں نماز سے قبل مسلمانوں کو جمع ہونے کی دعوت دینے اور انہیں یہ سمجھانے کے لیے کہ نماز عید واجب ہے اور اس میں چھ تکبیریں ہونگی اس عمل کے لیے سپیکر استعمال کرنے کا حکم کیا ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا طریقہ تو یہی ہے کہ نہ تو نماز عید الفطر اور نہ ہی نماز عید الاضحی سے قبل نمازیوں کی حاضری کے لیے اعلان کیا جائے، اور نہ ہی انہیں نماز کا حکم سمجھانے کے لیے، اور ایسا نہیں کرنا چاہیے، نہ تو سپیکر میں اور نہ ہی بغیر سپیکر کے؛ کیونکہ الحمد للہ ان دونوں نمازوں کا وقت معلوم ہے.

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے:

یقینا تمہارے لیے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم میں بہترین نمونہ موجود ہے، ہر اس شخص کے لیے جو اللہ تعالی کی اور یوم آخرت کی توقع رکھتا ہے، اور بکثرت اللہ تعالی کی یاد کرتا ہے الاحزاب ( 21 ).

حکمران اور ذمہ داران علماء کرام کو چاہیے کہ وہ مسلمانوں کے سامنے عید کے روز سے قبل اس کا حکم بیان کریں، اور انہیں نماز عید کی کیفیت بتائیں، اور انہیں نماز عید سے قبل اور بعد میں کیا کرنا ہے یہ سب کچھ مسلمانوں کے سامنے رکھیں، تا کہ وہ نماز عید کے لیے وقت سے قبل عیدگاہ میں حاضر ہونے کی تیاری کریں، اور نماز عید شرعی طریقہ پر ادا کریں.

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے.